گرامر کا سبق 7a مزید فیہ: اِخۡتَلَفَ

اب ہم مزید فیہ میں اِخۡتَلَفَ کے مختلف صیغے بنائیں گے (خَلَفَ ← اِخۡتَلَفَ)۔ اس میں الف اور "ت" زیادہ ہے اور ان کو سارے صیغوں میں لے کر چلنا ہے۔ اس طرح کے افعال قرآن کریم میں تقریبًا **1200** بار آئے ہیں۔

- ماضی کی چابی: اِخۡتَلَفَ۔ شروع میں ہمزہ وصلی ہے، اس لیے اگر اس سے پہلے کوئی حرف یا لفظ آئے تو وہ گر جاتا ہے، جیسے وَاخۡتَلَفَ، الَّذِينَ اخۡتَلَفُوا
- مضارع کی چابی: يَخۡتَلِفُ۔ مضارع بناتے ہوئے اِخۡتَلَفَ کے شروع کا الف غائب ہو گیا، کمزور حرف کی طرح!
- امر کی چابی: اِخۡتَلِفۡ، ماضی کی چابی کے آخری حرف سے پہلے زیر اور آخری حرف پر سکون لگائیے۔
- اسم فاعل یا اسم مفعول: ماضی کی چابی پر مُ لگانا ہے اور آخری حرف سے پہلے زیر یا زبر: مُخۡتَلِف، مُخۡتَلَف

اِخۡتَلَفَ: اس نے اختلاف کیا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

فعل ماضِ		فعل مضارِع		فعل أمر، فعل نهى، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام	
اِخۡتَلَفَ	اس نے اختلاف کیا	يَخۡتَلِفُ	وہ اختلاف کرتا ہے	اِخۡتَلِفۡ	اختلاف کر!
اِخۡتَلَفُوۡا	ان سب نے اختلاف کیا	يَخۡتَلِفُوۡنَ	وہ سب اختلاف کرتے ہیں	اِخۡتَلِفُوۡا	اختلاف کرو!
اِخۡتَلَفۡتَ	آپ نے اختلاف کیا	تَخۡتَلِفُ	آپ اختلاف کرتے ہیں	لَا تَخۡتَلِفۡ	مت اختلاف کر!
اِخۡتَلَفۡتُ	میں نے اختلاف کیا	أَخۡتَلِفُ	میں اختلاف کرتا ہوں	لَا تَخۡتَلِفُوۡا	مت اختلاف کرو!
اِخۡتَلَفۡتُمۡ	آپ سب نے اختلاف کیا	تَخۡتَلِفُوۡنَ	آپ سب اختلاف کرتے ہیں	مُخۡتَلِف	اختلاف کرنے والا
اِخۡتَلَفۡنَا	ہم سب نے اختلاف کیا	نَخۡتَلِفُ	ہم سب اختلاف کرتے ہیں	مُخۡتَلَف	جس سے اختلاف کیا گیا
اِخۡتَلَفَتۡ	اس عورت نے اختلاف کیا	تَخۡتَلِفُ	وہ عورت اختلاف کرتی ہے	اِخۡتِلَاف	اختلاف کرنا

عربی بول چال

هَلِ اخۡتَلَفَ فِيۡ كِتَابِ اللهِ؟ — مَا اخۡتَلَفَ فِيۡ كِتَابِ اللهِ.

هَلِ اخۡتَلَفُوۡا فِيۡ كِتَابِ اللهِ؟ — مَا اخۡتَلَفُوۡا فِيۡ كِتَابِ اللهِ.

هَلِ اخۡتَلَفۡتَ فِيۡ كِتَابِ اللهِ؟ — مَا اخۡتَلَفۡتُ فِيۡ كِتَابِ اللهِ.

هَلِ اخۡتَلَفۡتُمۡ فِيۡ كِتَابِ اللهِ؟ — مَا اخۡتَلَفۡنَا فِيۡ كِتَابِ اللهِ.

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلۡ تَخۡتَلِفُ فِيۡ كِتَابِ اللهِ؟ — لَا أَخۡتَلِفُ فِيۡ كِتَابِ اللهِ.
- فعل نهى: لَا تَخۡتَلِفۡ فِيۡ كِتَابِ اللهِ! — لَا أَخۡتَلِفُ فِيۡ كِتَابِ اللهِ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلۡ أَنۡتَ مُخۡتَلِفٌ فِيۡ كِتَابِ اللهِ؟ — مَا أَنَا بِمُخۡتَلِفٍ فِيۡ كِتَابِ اللهِ.

اِخۡتَلَفَ ہی کی طرح اِتَّخَذَ (اس نے بنا لیا) کا پورا ٹیبل بنایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔